SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, August 19, 1993

The Senate of Paksitan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at forty five minutes after ten of the clock in the morning, with Madam Acting Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اقسم بموقع النجوم- وانہ لقسم لو تعلمون عظیم- انہ لقرآن کریم-
فی کتاب مکنون- لا یمسہ الا المطہرون- تنزیل من رب العلمین-
افبھذاالحدیث انتم مدھنون- و تجعلون رزقکم انکم تکذبون- فلو لا
اذا بلغت الحلقوم- و انتم حینئذ تنظرون- و نحن اقرب الیہ منکم و
لٰکن لا تبصرون-

ترجمہ- ہمیں تاروں کی منزلوں کی قسم۔ اگر تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے- کہ یہ بڑے رتبے کا قرآن ہے (جو) کتاب محفوظ میں لکھا ہوا ہے۔ اس کو وہی ہاتھ لگاتے ہیں جو پاک ہیں- پروردگار عالم کی طرف سے اتارا گیا ہے- کیا تم اس کلام سے انکار کرتے ہو؟ اور اپنا وظیفہ یہ بناتے ہو کہ (اسے) جھٹلاتے ہو- بھلا جب روح گلے میں آپہنچتی ہے- اور تم اس وقت (کی حالت کو) دیکھا کرتے ہو- اور ہم اس (مرنے والے) سے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں لیکن تم کو نظر نہیں آتے-

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, August 19, 1993

The Senate of Paksitan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at forty five minutes after ten of the clock in the morning, with Madam Acting Chairman (Dr. Noor Jehan Panezai)in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا اقسم بموقع النجوم- وانہ لقسم لو تعلمون عظیم- انہ لقرآن کریم- فی کتاب مکنون- لا یمسہ الا المطہرون- تنزیل من رب العلمین- افبھذاالحدیث انتم مدھنون- و تجعلون رزقکم انکم تکذبون- فلو لا اذا بلغت الحلقوم- و انتم حینئذ تنظرون- و نحن اقرب الیہ منکم و لکن لا تبصرون-

ترجمہ - ہمیں تاروں کی منزلوں کی قسم۔ اگر تم سمجھو تو یہ بڑی قسم ہے۔ کہ یہ بڑے رتبے کا قرآن ہے (جو) کتاب محفوظ میں لکھا ہوا ہے۔ اس کو وہی ہاتھ لگاتے ہیں جو پاک ہیں۔ پروردگار عالم کی طرف سے اتارا گیا ہے۔ کیا تم اس کلام سے انکار کرتے ہو؟ اور اپنا وظیفہ یہ بناتے ہو کہ (اسے) جھٹلاتے ہو - بھلا جب روح گلے میں آ پہنچتی ہے۔ اور تم اس وقت (کی حالت کو) دیکھا کرتے ہو۔ اور ہم اس (مرنے والے) سے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں لیکن تم کو نظر نہیں آتے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Question Hour۔

جناب گلزار احمد خان۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ پوائنٹ آف آرڈر، گلزار احمد خان۔

جناب گلزار احمد خان ۔ میں نے پرسوں کابینہ کے متعلق عرض کیا تھا کہ ہماری جو کابینہ ہے ماشا اللہ اچھے لوگوں، نیک، اور قابل اور لائق اور پڑھے لکھے، لفظ "پڑھے لکھے" لوگوں پر مشتمل ہے ۔ اس کا کہیں میڈیا میں ذکر نہیں آیا ۔ حالانکہ یہ کابینہ کی اچھائی کے لئے ہے اور یہ ایک logic تھی، اس میں ایک فلاسفی ہے اور اس کے متعلق میں نے یہ کہا تھا کہ یہ روایت قائم رکھنے کی اللہ تعالےٰ ہمیں توفیق دے۔ جس شخص نے یہ روایت قائم کی ہے اس کے لئے ہم دعائے خیر کرتے ہیں ۔ میڈیا میں اس کا ذکر نہیں آیا ۔ تو اس کے لئے میں منسٹر صاحب سے کہوں گا کہ اس طرح کیوں کیا گیا ہے ؟

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ گلزار احمد خان صاحب، اس وقت وزیر برائے اطلاعات موجود نہیں ہیں ۔ آپ کا یہ message انہیں دے دیا جائے گا۔ جی راجہ محمد ظفر الحق صاحب پوائنٹ آف آرڈر۔

راجہ محمد ظفر الحق۔ اگر منسٹر صاحب موجود ہوں تو میں ان سے گزارش کروں گا کہ یہ روایت نہ ڈالیں کہ اگر وزراء کی کوئی تعریف کرے تو اسے پہلی خبر کے طور پر شائع کیا جائے۔

QUESTIONS AND ANSWERS

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ شکریہ جناب، سوال نمبر 28 راجہ محمد افضل خان صاحب۔

28 . *Raja Muhammad Afzal Khan (on his behalf): Will the Minister for Health be pleased to state:

(a) whether it is a fact that Mr. Sharif-ud-Din Pirzada has received thousand of dollars as advance for treatment in America, if so, the total amount sanctioned for his treatment abroad; and observing the necessary formalities?

(b) whether it is also a fact that Mr. Sharif-ud-Din Pirzada was not

approved by the proper Medical Board for treatment abroad, if so the reasons for not observing the necessary formalities?

Lt. Gen. (Retd.) Muhammad Shafiq: (a) No. The sanctioned amount of US $ 30,000 was remitted to Pakistan's Embassy at Washington for defraying tratment cost incurred at the hospital.

(b) Since Mr. Pirzada has past history of coronary bypass and his recent medical examination at National Institute of Cardiovascular Diseases, Karachi indicated recurrence of coronary disease, referral to Formal Medical Board was waived by the then Prime Minister.

Madam Acting Chairman: Supplementary, Dr Rehan Sahib.

Dr. Muhammad Rehan: Sir, the normal procedure in the country in force is that ultimate sanction or approval is given by the Prime Minister of the country for a person who is being sent abroad for treatment. We know and we are quite conscious, how busy the Prime Minister remains quite of ten about his engagements, about his pre-occupations and such things. So, if for the final approval the file is lying on his table and meanwhile the person who is sent abroad, you know, something happens to him, don't you think that the whole matter becomes irrelevant and comes infructuous. So, can't we adopt some procedure that in the absence of the Prime Minister some senior Minister is authorized to sign on his behalf.

Madam Acting Chairman. Lt. Gen. Shafiq Sahib, Minister for Health.

Lt. Gen. (Retd.) Muhammad Shafiq :So far as this particular case of Mr. Sharifuddin Pirzada is concerned, he was an old case of heart disease

and he was operated upon in 1979. But I think, this year again he went to the National Institute of Cardiovascular Disease in Karachi where he was examined by a renowned and who recommended that he should be sent abroad for treatment that is for his second bypass. So his application came through the Prime Minister 's Secretariat to the Health Ministry. The Ministry processed the case and sent it to the Prime Minister's Secretariat. Since the case had come from that side,I don't know whether he left before the things were signed or not, but we know the date when it came back duly signed i.e. 15 of April. So, I think he processed after that and he was treated. We do not know how much of money have been expended on that because the bills have yet to come. But , one thing is that the money.....

Madam Acting Chairman: You have to address the Chair

Lt. Gen.(Retd.) Muhammad Shafiq: One thing is that the money is never handed over to the patient. It is sent to the Embassy who maintains their accounts and finally send it to the concerned agency.

Madam Acting Chairman Thank you Dr Rehan Sahib supplementary.

Dr. Muhammad Rehan : With the answer given by the honourable Minister at least I am very much satisfied regarding the treatment of Sharifuddin Pirzada. My question was to make it more clear that the procedure in force is that, you know, there is a procedure that somebody being recommended for treatment abroad goes to a medical board then the papers go to the Ministry of Health, to the Secretary, the Health Minister, the Finance Secretary and ultimately they go for approval to the Prime Minister. So, what I asked was that in case, you

know, we are very much conscious about the engagements and pre-occupations and how busy remains the Prime Minister, if the ultimate, the final, I mean, approval of these papers remains lying on his table and the signature is awaited for days and days and meanwhile something happens to the person concerned. So, what I suggest is, can't we change the procedure or make an amendment in it that in the absence or in the case that the Prime Minister is busy and the file does not reach him, some other Minister say, Finance Minister or Health Minsiter should be competent to sign that.

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ مختصر کریں جی ذرا سوال کو، ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر محمد رمضان۔ میرا مطلب یہ ہے کہ final (منظوری کے لئے) کاغذات ان کی table پر پڑے ہوں ۔ اور ایمرجنسی ہو اور ایمرجنسی کے دوران ان کے دستخط نہیں ہو جاتے اور جس (شخص) کے لئے کاغذات بھیجے جاتے ہیں، وہ ختم ہو جاتا ہے کیا اس طریقہ کار میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی؟

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ جنرل شفیق صاحب، وزیر صحت۔

لفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد شفیق۔ جناب یہ بات ایسی ہے کہ یہ powers تو وزیر اعظم صاحب کے پاس ہیں وہ کسی کو delegate کرنا چاہیں تو کر بھی سکتے ہیں، یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے ہم ایک سمری بنا کر وزیر اعظم کو بھیجتے ہیں انہوں نے دستخط تو کرنا ہوتے ہیں، وہ کرتے بھی ہیں ابھی تک میرے علم میں نہیں آیا کہ انہوں نے نہ کئے ہوں ۔ وہ سارے کے سارے ہو جاتے ہیں لیکن یہ delay کا جو مسئلہ کہہ رہے ہیں بعض اوقات کافی serious مسئلہ ہو سکتا ہے اور اس کے لئے اگر ہمیں یہ معلوم ہو جائے کہ یہ case بہت اہم ہے اس کو بہت expedite کرنا ہے تو ہم اس کو by hand لے جا کر دستخط کروا سکتے ہیں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ جناب شاہین یوسف، سپلیمنٹری سوال۔

جناب یوسف شاہین داؤد پوتا۔ میں point of order پہ بات کرنا چاہتا ہوں ۔ ٹڈی دل تھرپارکر سے لے کر پورے سرائیکی area تک آ گئے ہیں جنہوں نے کروڑوں روپے کی فصل تباہ

کر دی ہے اور یہ جو Ministry of Food and Agriculture سے متعلق وزارت ہے انہوں نے اس پر کوئی step نہیں اٹھایا۔ یہ بڑا serious مسئلہ ہے۔ وہ آگے تک جا رہے ہیں۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ شاہین یوسف صاحب جب سوالات کا وقت ختم ہو جانے کا اس کے بعد آپ اس کو اٹھائیں یا آپ کو اسے proper طریقہ سے move کرنا چاہیئے۔

جناب شاہین یوسف داؤد پوتا: میں نے move کیا ہے کیونکہ ایمرجنسی ہے۔

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ سوالات کے وقت کے بعد اس کو اٹھائیں۔ اگلا سوال نمبر 29 ملک عبدالواحد صاحب۔

29. Malik Abdul Wahid (on his behalf) Will the Minister for Health bepleased to state:

(a) The names of appointment of the ward masters working in the Federal Government Services Hospital, Islamabad indicating also the inter-se-seniority assigned to them by the competant authority; and

(b) whether it is a fact that one Abdul Latif Shah, ward master was promoted out of turn and in violation of the directives of the Establishment Division regarding his seniority; if so, its reasons?

Lt. Gen. (Retd.) Muhammad Shafiq: (a) The requisite information is annexed.

(b) No.

Annexure

NAMES AND DESIGNATIONS OF WARD MASTERS WITH THEIR INTER-SE-SENIORITY IN FEDERAL GOVERNMENT SERVICES HOSPITAL, ISLAMABAD.

S. No.	Name of the Ward Masters	Date of Appointment as Ward Master
1.	Mr. Muhammad Ilyas	26-09-1979
2.	Mr. Abdul Ghafoor	04-10-1982
3.	Mr. Shah Rehman	11-04-1984
4.	Mr. Karar Hussain Shah	01-06-1984
5.	Mr. Abdul Latif Shah	01-05-198[illegible]
6.	Mr. Muhammad Hanif	01-02-1986
7.	Mr. Liaqat Ali	24-02-1986
8.	Mr. Javaid Ali Shah	19-09-1989
9.	Mr. Muhammad Younis Khan	16-12-1991
10.	Mr. Abdul Waheed	06-05-1992
11	Malik Ehsan Ullah Khan	07-05-1992

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ سپلیمنٹری سوال' (وقفہ) کوئی سپلیمنٹری نہیں۔ اگلا سوال سید محمد فضل آغا صاحب نمبر 30۔

30. *Engr. Syed Muhammad Fazal Agha: Will the Minister for Production be pleased to state the present working status of the Balochistan Textile Mills and Lasbela Textile Mills and the steps taken by the Government to make these mills operational?

Lt. Gen. (Retd.) R. D. Bhatti: The two units of Pak-Iran Textiles Limited (PITL) namely, Bolan Textile Mills and Lasbela Textile Mills are closed

since 1983 due to uneconomic operations. PITL is now under liquidation as per decision of its Board of Directors. In order to revive these mills a new company i.e. Iran-PakIndustries is expected to be incorporated shortly.

میڈم قائم مقام چیئرمین۔ سید محمد فضل آغا۔

سید محمد فضل آغا۔ جناب آپ کو معلوم ہے شاید ہمارے وزیروں کو یہ علم نہ ہو اور اس ایوان کو بھی معلوم ہے کہ بلوچستان ٹیکسٹائل ملز اور بولان ٹیکسٹائل ملز کافی عرصہ سے بند پڑی ہوئی ہیں ۔ اب انہوں نے کہہ دیا ہے کہ یہ 1983 سے بند پڑی ہوئی ہیں اب ان کو دس سال ہوگئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے مطلب کی یہ ملیں بند ہیں ۔ وزیر صاحب سے گزارش یہ ہے کہ 1983 سے اب تک اس پر کتنی تنخواہ کی ادائیگی ہو چکی ہے اور کتنے پیسے اس پر ضائع ہو چکے ہیں اور مستقبل کے لئے یہ کہہ رہے ہیں کہ نئی کمپنی یا ایک نئی economic operation کے تحت PITL is now under liquidation as per decision of its Board of Directors یہ کب تک ہوگا اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کیا کیا فیصلے کئے اور اس کا طریقہ کار کیا ہوگا؟ اس پر مہربانی فرمائیں ۔ New company, or Iran-Pak industry is expected to be incorporated shortly. اس پر وزیر صاحب فرمائیں کہ 1983 تا 1993 تنخواہ میں کتنے پیسے دیئے گئے ہیں اس کے بعد سٹاف کو golden hand shake کے تحت فارغ کیا گیا یا کیا ہوا اور اب ازسرنو اس کو دوبارہ چلانا چاہتے ہیں جس طرح انہوں نے لکھا ہے تو اس کے لئے کیا طریقہ کار ہے؟

Lt. Gen. (Retd.) R.D Bhatti: Madam Chairman first of all, I would like, through you to extend my very warmest greetings to the honourable members of the Senate. It is the first time that I will be answering questions in the Senate of the honourable members. Coming specifically to the questions of the members, the Government of Paksitan since 1983 to June 1993, spent Rs.600 million in the shape of wages and paid to the workers of these two mills. As to the future plans of these two mills, there is a procedure for liquidation of existing mills and that procedure has already been initiated. There are certain technicalities which canot

سر برآر وایں قیامت درمیان خلق بیں

حضور جب قیامت کے روز اٹھو گے ؛ آج اٹھو اور دیکھو کہ قیامت قائم ہو چکی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ چرار شریف میں ہوا ہے اور جو کچھ وہاں مقبوضہ کشمیر کے اندر ہو رہا ہے ' یہ امت مسلمہ کے لئے ایک چیلنج ہے ' جہاں مسلمانوں کی جان اور عزت و آبرو محفوظ نہیں ہے ' ان کا مذاق اڑایا جا رہا ہے ' ان تمام اولیاء کرام کی عزت و ناموس کو ختم کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اٹھ کر اسی طرح آواز دینی چاہئیے جیسے کہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے دی' جب مرہٹوں نے یہاں پر ظلم کیا قتل و غارت کی' عزت و آبروئیں لوٹیں' مسجدیں برباد کیں' اس موقعے پر شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے احمد شاہ ابدالی کو خط لکھا تھا کہ آؤ ہندوستان میں اور مسلمانوں پر جو ظلم وستم ہو رہا ہے ان کو اس سے نجات دلاؤ ۔ احمد شاہ ابدالی آیا اور پانی پت کی تیسری لڑائی میں چھ لاکھ مرہٹوں کو گاجر مولی کی طرح کاٹ کر رکھ دیا۔اقبال کہتا ہے ۔

خاک بطحا خالدے دیگر بزاد

نغمۂ توحید را دیگر سراء

اے بطحا کی زمین ایک اور نیا خالد پیدا کر جو نغمہ توحید بلند کرے میں بادنیٰ تصرف کہوں گا۔

خاک افغاں ابدالیے دیگر بزاد

نغمۂ توحید را دیگر سراء

اس وقت ضرورت ہے احمد شاہ ابدالی کی کہ اس وقت جو ظلم و جبر مسلمانوں پر ہو رہا ہے اس میں مدد کرے ۔جو کچھ قرار داد کے اندر آیا ہے میری ہر بات کی تائید اور حمایت ہے لیکن یہ کہنا کہ پاکستان اخلاقی 'سیاسی مدد کرے گا اب یہ بات ختم ہو چکی ہے اب پاکستان پر جہاد فرض ہو چکا ہے اس موقع پر پھر اخلاقی سیاسی امداد کی بات کرنا اپنا مذاق اڑانا ہے پاکستان کو جہاد کے لئے تیار ہونا چاہئیے ۔اور سارے پاکستان کے اندر قوم اٹھ کھڑی ہو اور قصاص اور انتقام کے لئے OIC کو بھی جو اسلام کے نام پر یہاں حکومتیں بنا کر بیٹھے ہیں دعوت دے اور UNO جو منافقین کی انجمن ہے اس کا محاسبہ کرے اور UN Security council ان لوگوں نے resolutions پاس کرنے کے بعد آج عراق کو لتاڑ ڈالا ۔ابھی تک اس کو کچل رہے ہیں۔ لیکن بھارت جس نے ان resolutions کا مذاق اڑایا اورکشمیر کو اٹوٹ انگ کہتے ہیں ۔اس کے متعلق امریکہ بھی خاموش ہے اور دوسرے بھی خاموش ہیں اس لئے ہم یہاں پر اس کی مذمت کرتے ہیں اور یہ خاموشی مجرمانہ خاموشی ہے۔ پاکستان کے اندر ہم جہاد کشمیر کی تیاری کریں سارے ملک

کے اندر باقاعدہ قوم کو کھڑا کریں' اور کہیں کہ اس کا قصاص و انتقام لیں اس کے بعد اور قیامت کی گھڑی کیا آنے گی موجودہ حکومت کو اس موقع پر یہ سمجھنا چاہئیے کہ یہ جو کچھ ہو رہا ہے دھمکیاں دی جارہی ہیں کہ پاکستان کو کچل دیں گے' ختم کردیں گے' اس کا جواب یہ ہے کہ ان کے دماغ سے خناس نکال دیا جائے ظفر علی خان نے ایک نظم لکھی تھی کھاریاں کے نام سے۔

گونجتے تھے جن کچھاروں میں کبھی جنگل کے شیر

گیدڑ ان میں مارتے ہیں آج کل ککاریاں

نرسیمہا راؤ جیسے گیدڑ آج ککاریاں مار کر ہمارے جذبے کو للکار رہے ہیں ہماری غیرت کو چیلنج کررہے ہیں موجودہ حکومت کو موجودہ وزیراعظم کو اس موقع پر جہاد کا اعلان کرنا چاہئیے ۔ساری قوم کو جہاد کے لئے تیار کرنا چاہئیے اپوزیشن اور حکومت دونوں کو مل کر متفق ہو کر پاکستان کے نظام کو سنبھال کر اس جبر اور ظلم کے مقابلے کے لئے کھڑا ہو نا چاہئیے ایٹم بم اور میزائل بنانے کا اعلان کرنا چاہیے جناب مختصراً میں اس قرارداد کی تائید میں یہی معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب چیئرمین ۔ جی شکریہ جی ۔جناب شیخ رفیق احمد صاحب ۔

شیخ رفیق احمد ۔جناب چیئرمین ! میں سمجھتا ہوں کہ آج ساری انسانیت رو رہی ہے پچھلے ایک ہفتے میں حج بیت اللہ کے دن اور عید الضحیٰ کے دن بھارت کی افواج نے مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں پر جس ظلم و تشدد اور بربریت کا عمل کیا ہے جس طرح چرار شریف میں مقامات مقدسہ کو تہہ وبالا کیا اور آتش زدگی کی نظر کیا دنیا کا کوئی بھی انسان جس کو انسانیت سے پیار ہے' اسلام تو بہت بڑی عظیم چیز ہے وہ بھی میں سمجھتا ہوں کہ اس کی مذمت کئے بغیر نہیں رہ سکتے یا نہیں رہنا چاہئیے لیکن یہ بھارت کا پہلا کام نہیں ہے اس سے پہلے بھی مسلمان ہوں یا دوسرے مذاہب ہوں گولڈن ٹمپل ہو' بابری مسجد ہو' درگاہ حضرت بل ہو' وہاں پر بھی بھارتی فوجوں نے اور بھارتی جارحیت پسندوں نے اسی عمل کو اس سے پہلے دہرایا تھا

(The House adjourned for prayers)

(The House re-assembled after interval with Mr. Chairman

(Mr. Wasim Sajjad in the Chair)

جناب چیئرمین ، جی جناب شیخ صاحب ' آپ اپنی بات جاری رکھیں ۔

شیخ رفیق احمد ، جناب چیئرمین ! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ بھارتی حکمرانوں کا پہلا واقعہ نہیں ہے ۔ گولڈن ٹیمپل ' بابری مسجد ' درگاہ حضرت بل جیسے واقعات پہلے ہو چکے ہیں ۔ اگر بھارتی حکمران یہ سمجھتے ہیں کہ وہ مقبوضہ کشمیر کے عوام کی نسل کشی کر سکیں گے ۔ ان پر ظلم وستم کرکے ' ان کی خواتین کی بے حرمتی کرکے ' ان کے مقاماتِ مقدسہ کو اس طرح آتش زدگی کی نذر کرکے ' مسمار کرکے وہ کشمیر کے مسلمانوں کو مرغوب کرسکیں گے ' دبا سکیں گے تو یہ ان کی خام خیالی ہے ۔ انہیں ہٹلر اور مسُولینی کا حشر یاد رکھنا چاہیئے ۔ ظلم و تشدد دنیا میں کبھی کامیاب نہیں ہوتا ۔ بڑے بڑے ظالم ' جابر آئے لیکن ہم نے اپنی آنکھوں سے اس نصف صدی میں دیکھا ہے کہ براعظم افریقہ ' براعظم ایشیا کا اکثر حصہ Latin امریکہ کا اکثر حصہ جو تھا وہ غلامی کی نذر تھا ۔ یہ آزادی کی ایک لہر چل رہی ہے ۔ یہ کسی کے بس کی بات نہیں ہے ۔ کتنی ہی بڑی طاقت کیوں نہ ہو ممکن نہیں وہ ویت نام کو غلام بنا سکیں ۔ وہ افغانستان کو غلام بنا سکیں ۔ وہ رہوڈیشیا میں unilateral declaration of independence کرکے وہاں پر گوروں کی حکومت قائم کرسکیں یا منڈیلا کو ۲۵ سال تک جیل کی سزا دیکر وہاں پر حکومت قائم کر سکیں۔ یہ دنیا بدل گئی ہے ۔ بھارت کے حکمرانوں کو جو خود طویل عرصہ تک غلامی کی آہنی زنجیروں میں جکڑے رہے ۔ دنیا کے ان حالات سے آگاہ ہونا چاہیئے ۔ میں اس قرار داد کی جو جناب قائد حزب اختلاف نے پیش کی ہے ۔ لفظ بہ لفظ ' حرف بہ حرف تائید کرتا ہوں ۔ یہ پاکستانی قوم کا موقف ہے ۔ یہ قرارداد پورے ایوان کی طرف سے مشترکہ طور پر پیش کی گئی ہے ۔ آج ضرورت یہ ہے کہ ساری پاکستانی قوم متحد ہو ' مسئلہ کشمیر پر ' کشمیر کے عوام کے حق استصواب رائے پر ' پاکستان میں کوئی دو آراء ہے ہی نہیں ۔ سیاسی اختلافات اور دوسرے اختلافات کے باوجود ہمارا قومی موقف اس مسئلے پر ایک ہے ۔ ہم سب مل کر کشمیر کو غلامی سے نجات دلائیں گے ۔ کشمیر میں مسلمانوں کی نسل کشی کو ختم کرائیں گے ۔ جس طرح اس قرارداد میں وعدہ کیا گیا ہے ۔ ان کی بھر پور امداد کریں گے ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اس قرارداد کی حمایت کرتا ہوں اور توقع کرتا ہوں بھارت کے دانشوروں سے ' بھارت کے Human Rights کی پرچار کرنے والوں سے ' بھارت میں وہ لوگ جو آزادی خیال کی بات کرتے ہیں ' جو مذہب کی آزادی کی بات کرتے ہیں ان سے بھی توقع کرتا ہوں کہ وہ اس حقیقت کو محسوس کریں اور ہمارے ساتھ مل کر مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے ساتھ مل کر ان کی آزادی کے لئے جدوجہد کریں

گے ۔ ان کی استصواب رائے کے لئے جدوجہد کریں گے ۔ انشاء اللہ کشمیر کے عوام کی آزادی کا دن بہت دور نہیں ہے بہت جلد آنے والا ہے ۔

قریب ہے یارو روز محشر چھپے گا کشتوں کا خون کیونکر
جو چپ رہے گی زبان خنجر لہو پکارے گا آستین کا

جناب چیئرمین ، شکریہ جی ۔ مولانا سمیع الحق صاحب ۔

مولانا سمیع الحق ، بسم اللہ الرحمان الرحیم ۔ جناب چیئرمین صاحب! اس قرارداد میں جن جذبات کا اظہار ایوان کی طرف سے کیا گیا ہے میں حرف بحرف اس کی تائید کرتا ہوں۔ یہ صرف ایک اسلامی ملک پاکستان کا مسئلہ نہیں ہے۔نہ صرف پاکستان کو بلکہ درحقیت یہ پورے عالم اسلام کو ایک چیلنج ہے جو کافروں کی طرف سے درپیش ہے اور اس سے پہلے بھی انہوں نے بابری مسجد کی شکل میں ' درگاہ حضرت بل کی شکل میں دنیا کو للکارا اور چیلنج دیا لیکن ہماری ذمہ داری صرف وقتی طور پر چند مظاہرے اور جلسے جلوس اور تقاریر تک محدود ہو کر رہ جاتی ہے اور پھر ہم لمبی تان کر سو جاتے ہیں۔ لیکن دشمن بڑے منظم طریقے سے ہمارے خلاف جنگ کا آغاز کر چکا ہے۔ یہود اور ہنود ہمیشہ مسلمانوں کے خلاف ایک رہے ہیں۔ اس وقت تو پورے عالم اسلام اور مسلمانوں کے خلاف جو ایک مہم شروع ہو گئی ہے یہ بھی اس کی ایک کڑی ہے۔ خواہ وہ چیچنیا کی شکل میں یا بوسنیا کی شکل میں ہو یا فلسطین کی شکل میں ہو یا تاجکستان کی شکل میں ہو۔ یہو و ہنود اور ان کا آقا امریکہ وہ عالم اسلام کو تہس نہس کرنے کے درپے ہے۔ وہ ہماری اہمیت ایک بیرومیٹر کی شکل میں بار بار آزمانا چاہتا ہے کہ ان میں کتنی غیرت اور کتنی اہمیت باقی ہے۔ ہم دکھ درد کا اظہار تو کر لیتے ہیں لیکن عملاً کچھ نہیں سوچتے کہ اتنے بڑے فریق یہود و ہنود اور امریکہ کے خلاف اپنا دفاع کیسے کریں گے ۔ اپنی ملت کی بقاء اور اسلامی تشخص کے لئے مستقل بنیادوں پر کوئی منصوبہ بندی سامنے نہیں آتی۔ یہ ٹھیک ہے کہ اس بھی وقت ہم اس میں حزب اختلاف اور حزب اقتدار مل کر یکجہتی کا اظہار بھی کر لیں گے۔ جلسے جلوس بھی کر لیں گے ۔ اور الحمد اللہ اس قومی مسئلے میں پوری قوم ایک ہے لیکن جلسوں سے اور نعروں سے اور مظاہروں اور تقریروں سے کوئی قوم اپنی آزادی کو نہیں بچا سکی ہے ۔ بنیادی ذمہ داری اس میں ہماری حکومتوں کی ہے اور عالم اسلام کے اکثر خطوں پر حکمران اپنے آپ کو مجبور اور بے بس سمجھتے ہیں اور امریکی آقاؤں کی خوشنودی سے آگے پیچھے کوئی قدم نہیں اٹھا سکتے ۔ اسوقت بھی یہ مسئلہ اس پاکستانی حکومت کے لئے ایک بنیادی چیلنج ہے کہ وہ اس کے بارے کیا عملی اقدامات

کرتی ہے صرف جلسے، جلوس اور ریڈیو اور ٹیلیویژن پر آ کر قوم کے احساسات کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا۔ وہ حکومت کی ذمہ داری نہیں ہوتی۔

ہم نے کشمیر کے مسلمانوں کے لئے عملاً کیا کچھ کیا اپنی ذمہ داری کہاں تک نبھائی اور اپنے دل میں اپنے گریبان میں سوچیں کہ واقعی ہم کس حد تک ان کی تائید کر رہے ہیں۔ ان کا ساتھ دے رہے ہیں۔ ہم تو یہاں کشمیری مجاہدین کی حوصلہ شکنی کر رہے ہیں۔ ان کی تائید کرنے والوں پر چھاپے مارتے ہیں۔ اس لئے کہ امریکی آقا یہی چاہتا ہے۔ امریکی آقا کو نہ بھارت دہشت گرد لگتا ہے نہ بنیاد پرست۔ حالانکہ خانقاہوں کو، مسجدوں کو، مدرسوں کو، اللہ کے گھروں کو مٹانا اس سے بڑی دہشت گردی کیا ہو سکتی ہے جو ہندو کر رہا ہے اور جو روس چیچنیا میں کر رہا ہے۔ جو سرب بوسنیا میں کر رہے ہیں ان کو وہاں دہشت گردی نظر نہیں آتی۔ ان کو دہشت گردی پاکستان میں نظر آتی ہے مصر میں اور الجزائر اور شام میں نظر آتی ہے۔ اور ہمارے حکمران فخر سے کہتے ہیں کہ ہم بنیاد پرستی کے خلاف دفاعی front line ثابت ہوں گے۔ اگر ہم مجاہدین کے خلاف اور جنگ آزادی لڑنے والوں کے خلاف اور بنیادی حقوق حاصل کرنے والوں کے خلاف دفاعی front line بنے گے تو پھر ہمیں کشمیر کے حالات پر احتجاج کا حق کیا ہوگا یہ دو متضاد باتیں ہیں۔ ہمیں ڈٹ کر اس مظلوم اور مجبور مسلمانوں کا ساتھ دینا ہوگا۔ جو شہ رگ کے بچاؤ کے لئے لڑ رہے ہیں۔ ہمیں منافقت کی پالیسی ترک کرنی ہوگی۔ ہمیں ڈرنا نہیں ہو گا کہ جہاد کا نام لیا تو دنیا کیا کہے گی کہ یہ درندے ہیں دہشت گرد ہیں۔ مولانا عبدالستار نیازی سے مجھے اتفاق ہے کہ مسلمان دو ٹوک الفاظ میں جب تک نہیں کہیں گے کہ ہمارا دفاع، ہمارا بچاؤ، جہاد ہے۔ اپنے آپ کو نہیں بچا سکیں گے۔ ہم نے جہاد کی قوت کو افغانستان میں آزما لیا۔ ڈیڑھ سو برس سے چیچنیا میں مجبور و مغموم مسلمانوں نے روس کو ثابت کر دیا۔ جو روس کہہ رہا تھا کہ میں چوبیس گھنٹے میں مسلمانوں کو مٹا دوں گا وہ آج تک وہاں اُلجھا ہوا ہے۔ تو ہمیں بحیثیت اسلامی ملک کے، مسلمان قوم کے، وہی راستہ اختیار کرنا ہو گا، ہمیں بنیوں سے نہیں ڈرنا ہو گا۔ اور آپ اگر آج اعلان کر دیں جہاد کا۔ انشاء اللہ دو دن بعد بھارت گھٹنے ٹیک دے گا۔ ہمارا ایمان ہے کہ جہاد اسلام کی شوکت اور سطوت کی بقا کا ذریعہ ہے کیونکہ یہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ہے۔ تو ہمیں توقع ہے کہ حکومت یا وزیراعظم جب کل تقریر کرے گی تو صرف ہمارے زخموں پر پھاہے نہیں رکھے گی بلکہ وہ عملی اقدامات کا اعلان کرے گی کہ ہم کن کن محاذوں پر کن کن ذریعوں سے بھارت کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ اگر وہ واقعتاً---------(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ مولانا صاحب' وقت پورا ہو چکا ہے۔

مولانا سمیع الحق۔ ہم نے پہلے بھی الحمدللہ اعلان کیا ہے کہ ۱۹ تاریخ کو پورے ملک کی دینی جماعتیں اس مسئلے پر اظہار یکجہتی کریں گی اور امریکہ نے جو سازش عالم اسلام کے خلاف شروع کی ہے وہ اپوزیشن اور حزب اقتدار کا مسئلہ نہیں ہے' وہ پوری امت مسلمہ کا مسئلہ ہے۔ ہم انشاء اللہ پورا پاکستان ایک آواز ہو کر دنیا پر ثابت کریں گے کہ امریکہ اور یہود اور ہنود اتنی آسانی سے پاکستان کو ہڑپ نہیں کر سکیں گے۔ نہ کشمیر کی آزادی کو مزید غصب رکھ سکیں گے۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی۔ حسین شاہ راشدی صاحب' پانچ منٹ جناب راشدی صاحب۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ جناب چیئرمین' آج یہ جو Resoluation پیش ہوا۔ یہ ایک انتہائی اندوہناک اور المناک واقعہ ہے جو پوری انسانیت کے منہ پہ طمانچہ ہے۔ بربریت کی انتہا یہ ہے کہ گزشتہ پانچ برسوں سے حریت پسندوں کو جس سفاکانہ طریقے سے قتل کیا جا رہا ہے اس پر بھی ہندو بنئیے کے سینے کی آگ ٹھنڈی نہیں ہوئی اور وہ اب مسلمانوں کے مقامات مقدسہ اور تاریخی عمارات کی بے حرمتی کر رہا ہے۔ اس سے پہلے بابری مسجد کا واقعہ ہوا ہے' حضرت بل کا واقعہ ہوا ہے اور اب انہوں نے ساڑھے چھ سو برس پرانے مسلمانوں کے ایک مقدس مقام کو تباہ کیا ہے۔ پاکستانیوں کو اس پر انتہائی تشویش ہے۔ مگر اگر ہندو یہ سمجھتا ہے کہ اس طرح کے سفاکانہ اور بزدلانہ واقعات کی وجہ سے پاکستان کشمیر کی support کی اخلاقی اور سیاسی مدد سے باز آ جائے گا یا یہ کہ وہاں کے حریت پسندوں کا جذبہ حریت ٹھنڈا ہو جائے گا ۔ ایسا نہیں ہو گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ بھارت کا ہندو مسلمان کے مزاج سے واقف نہیں ہے۔ مسلمان جب لڑنے پر آمادہ ہوتا ہے تو وہ بڑی بے جگری سے لڑتا ہے۔ مسلمان پہلے سست ہوتا ہے پھر چست ہوتا ہے اور پھر اس پر مستی کا دورہ پڑتا ہے۔ اس وقت میں سمجھتا ہوں کہ کشمیر کے لوگ چستی کے عالم میں ہیں اور انشاء اللہ وہ وقت آئے گا کہ ہم کشمیر کو ان کا حق دلوائیں گے۔ پاکستان کی جناب چیئرمین! مجبوری یہ ہے کہ جب پاکستان وجود میں آیا اور پاکستان کی تحریک چل رہی تھی تو اس میں کشمیر متنازعہ معاملہ تھا' کشمیر میں استصواب رائے ہونا تھا۔ یہ ہندو نے بھی تسلیم کیا تھا اور یہ پارٹیشن پلان کا ایک حصہ بھی تھا۔ لہذا پاکستان کشمیر کے مسئلے سے کبھی لاتعلق نہیں رہ سکتا کیونکہ جب تک کشمیر کا مسئلہ حل نہیں ہوتا تب تک آپ سمجھئے کہ پاکستان کی تکمیل بھی نہیں ہوئی۔ ہم پاکستان کے عوام اجتماعی طور پر کشمیریوں کی جدوجہد کو سلام کرتے

ہیں۔ ہم پاکستانی ان کی پوری مدد کرنے کے لئے تیار ہیں اور اب جبکہ یہ مشترکہ Resoluation آیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے کشمیر کے لوگوں کی بھی بڑی ہمت افزائی ہو گی اور پاکستان کے لوگوں کا حوصلہ بھی اس سے بڑھے گا۔ کشمیر پر بین الاقوامی قراردادیں موجود ہیں' جنہیں پاکستان نے بھی قبول کیا ہے اور ہندوستان نے بھی قبول کیا ہوا ہے ۔ ہندوستان اب ان سے مکر جاتا ہے ۔ ہندوستان کشمیر کو اپنا اٹوٹ انگ کہتا ہے ۔ مگر ہندوستان کے کہنے سے ایسا نہیں ہو جائے گا ۔ ہم تو فقط یہ چاہتے ہیں کہ اقوام متحدہ کی جو قرار دادیں ہیں ' ان کے مطابق وہاں استصواب رائے کروانا چاہئیے اور یہ ایک بنیادی مسئلہ بھی ہے کہ کشمیر کے لوگ اپنے بارے میں خود فیصلہ کریں کہ انہوں نے کس کے ساتھ جانا ہے۔ دھوکے سے پچاس برس تک وہ ان کے ساتھ چلے ہیں لیکن اب جو کشمیر میں آزادی کی آگ بھڑک اٹھی ہے وہ تب تک ٹھنڈی نہیں ہوگی جب تک وہاں استصواب رائے نہیں ہوگا اور اقوام متحدہ کے Resolution پر عمل نہیں ہو گا۔

جہاں تک پاکستان کی حکومت کا تعلق ہے ' میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی حکومت نے پیپلز پارٹی کی حکومت نے جو کشمیریوں کی اخلاقی اور سیاسی مدد کی ہے یا اس مسئلہ کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کیا ہے ' اسے مختلف forums پر لے گئے ہیں ' وہ سب کے سامنے ہے ۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ بعض مواقع پر ہمیں چند قدم پیچھے بھی ہٹنا پڑا ہے لیکن یہ ایک حکمت عملی ہے ۔ جہاں تک ہمارے عزم کا تعلق ہے ' جہاں تک ہماری منزل کے تعین کا تعلق ہے' وہ پاکستان کی حکومت کے سامنے ہے اور وہ یہ ہے کہ اقوام متحدہ کی Resolution پر عمل درآمد کروایا جائے ۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ۔ آپ کا وقت پورا ہوگیا ہے ۔

جناب حسین شاہ راشدی۔ میں انہی الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور آپ کا حکم بھی ہے کہ تقاریر مختصر ہوں ورنہ میں اس مسئلہ پر بہت ساری تاریخی چیزیں بھی بیان کرتا۔ بہرحال میں اس ریزولیوشن کی مکمل حمایت کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین۔ جناب انور بھنڈر صاحب ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب چیئرمین! جو ریزولیوشن یا قرار داد آج اس ایوان کے سامنے پیش کی گئی ہے اور جسے حزب اقتدار اور حزب اختلاف ' دونوں کی تائید حاصل ہے

میں اس کی تائید کرتے ہوئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چرار شریف کا واقعہ نہ صرف کشمیری مسلمانوں کے لئے بلکہ پاکستان میں بسنے والوں کے لئے اور تمام عالم اسلام کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔ اس واقعہ سے مسلمانوں کے جو جذبات مجروح ہوئے ہیں ان کو الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں ہے۔ وہاں پر جس بربریت کا مظاہرہ کیا ہے، جو ظلم اور ستم ڈھائے گئے ہیں اور جس طرح سے ہندوستان نے آتش گیر مادہ پھینک کر اس درگاہ، مسجد اور لوگوں کے مکانوں کو تباہ و برباد کیا ہے، اس ظلم کی کوئی مثال، نہیں ملتی ہے۔ اگر اس کا پس منظر دیکھا جائے تو ہندوستان نے آج یہ مسئلہ شروع نہیں کیا ہے بلکہ پہلے بابری مسجد کو شہید کیا گیا، اس کے بعد حضرت بل کا محاصرہ کیا گیا، اس کے بعد ڈوڈھا شہر پر بہت سارے ظلم ڈھائے گئے اور اسے مسمار کرنے کی کوشش کی گئی اور اب جو چرار شریف میں ظلم وستم اور بربریت روا رکھی گئی ہے، وہ سب کے سامنے ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کی ایک سوچی سمجھی سکیم ہے، ایک پلان ہے۔ وہ ایک پروگرام کے مطابق چل رہے ہیں لیکن ان کو یہ سمجھنا چاہئیے کہ اگر آج انہوں نے اس درگاہ کو آتش گیر مادہ پھینک کر راکھ کیا ہے انشاء اللہ مستقبل قریب ہی میں ہندوستان کے تمام مذموم عزائم راکھ ہو جائیں گے لیکن اگر مسلمانوں کا ایمان، مسلمانوں کا اتحاد مسلمانوں کا عزم اور وہاں پر بسنے والے مجاہدین کا عزم قائم ودائم رہے گا۔

جناب چیئرمین! دیکھنے والی بات یہ ہے کہ یہ کیوں ہوا ہے کیسے ہوا ہے اور اس کا پس منظر کیا ہے اس کی وجوہات کیا تھیں شاید ہندوستان یہ سمجھتا ہے کہ وہ اس قسم کی بربریت کا مظاہرہ کرکے کشمیری مجاہدین کی حق خودارادیت کی تحریک کو دبا سکتا ہے۔ یقیناً ایسا نہیں ہو سکتا ہے۔ وہ نہ تو دبے ہیں اور نہ ہی دبیں گے۔ جو تحریک وہاں شروع ہوئی ہے وہ انشاء اللہ کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔ وہ وہاں جتنا ظلم کریں گے، جتنا دبائیں گے، یہ تحریک انشاء اللہ اتنی ہی جلدی کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔

جناب والا! یہ ہندوستان کا پروپیگنڈہ ہے کہ مجاہدین نے یہاں آگ لگائی یہ بالکل غلط پروپیگنڈہ ہے۔ کون بدبخت مسلمان ہے جو مسجد کو جلائے گا یا کسی درگاہ کو جلائے گا۔ کیا کسی ہندو نے کسی مندر کو جلایا، کیا کسی سکھ نے کسی گردوارے کو جلایا۔ یہ محض کہنے کی باتیں ہیں یہ بالکل غلط پروپیگنڈہ ہے اور یہ صرف دنیا اور اقوام عالم پر ظاہر کرنے کے لئے کہ اس میں ہندوستان ملوث نہیں ہے۔ اس میں سو فیصدی ہندوستان ملوث ہے۔ اگر دو مہینے سے انہوں نے محاصرہ کر رکھا تھا تو مجاہدین کیسے وہاں آگ لگا سکتے تھے۔ اگر مجاہدین نے وہاں دو

ماہ محصور رہ کر زندگی کے دن گزار رہے ہیں تو وہ اپنی اس درگاہ کو ، اور وہ درگاہ جہاں سے ہزاروں لوگ مسلمان ہوئے وہ درگاہ جو پانچ سو سال سے قائم تھی۔ ہم یا کوئی بھی کشمیری مسلمان کیسے اس درگاہ کو مسمار کر سکتے تھے اور کیسے اس کو منہدم کر سکتے تھے ۔ یہ دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے برابر ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ باور نہیں کیا جا سکتا ۔ جناب والا! جنگ کی دھمکیاں دی گئیں ۔ راجیش پائلٹ اور نرسمہاراؤ نے پاکستان کو جنگ کی دھمکیاں دی ہیں اور کہا ہے کہ وہ ۱۹۶۵ء اور دوسری جنگوں کا دن یاد رکھیں ۔ میں عرض کروں گا کہ پاکستانی قوم ان دھمکیوں سے ڈرنے والی نہیں ہے ۔ نہ ہی اس سے کشمیریوں کی حق خود ارادیت کی تحریک دبائی جا سکتی ہے ۔ یہ انشاء اللہ قائم رہے گی لیکن جنگ کے متعلق ہماری فوج اور ہمارے فوجی جوان انشاء اللہ چوکس ہیں اور تیار ہیں لیکن میں صرف حکومت کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بعض اوقات ہندوستان کے بیان کچھ اور ہوتے تھے ۔ جب اندرا گاندھی امریکہ میں گئی ہوئی تھیں اور نکسن کے ساتھ یہ کہہ رہیں تھیں کہ ہم چاہتے ہیں کہ بنگلہ دیش میں سیاسی حل ہو ۔ اس کے بعد انہوں نے حملہ بھی کر دیا تھا ان کے قول میں اور فعل میں تضاد ہے ۔ اس بات کو ہمیں یاد رکھنا چاہیئے ۔ اس بات کو پیش نظر رکھنا چاہیئے ۔

۱۹۶۵ء میں بھی خیال یہ تھا اور اس وقت کے وزیر خارجہ نے یہ کہہ دیا تھا اور آج بھی وزیر خارجہ اور وزیر دفاع نے یہ کہا تو ہے کہ یہ جنگ نہیں ہوگی لیکن ہمیں پوری طرح سے چوکس رہنا اور ان کی باتوں میں نہیں آنا چاہیئے ہمیں پوری طرح سے چوکس رہنا چاہیئے انشاء اللہ قوم متحد ہے ، قوم اس مسئلے میں ایک ہے ، حزب اقتدار اور حزب اختلاف جہاں تک کشمیر کا مسئلہ ہے اس میں متحد ہے اور انشاء اللہ متحد رہے گی ۔ اس لئے میں عرض کروں کہ اس معاملے میں ان کی باتوں میں نہ آئیں بلکہ چوکس رہنے کی ضرورت ہے ۔ چونکہ بھارت بوکھلا چکا ہے ۔ جنگ کی باتیں اور دھمکیاں بھی بوکھلاہٹ کی باتیں ہیں ۔ انشاء اللہ وہ دیکھ رہے ہیں کہ جب اس تحریک کے کامیاب ہونے کے دن نزدیک آئے ہیں تو وہ اب جنگ کی دھمکیاں دینے پر اتر آئے ہیں ۔ جناب والا! ہندوستان نے یہ کہا کہ ہم یہ درگاہ بنا دیں گے ۔ جناب والا مسلمانوں کو یہ قابل قبول نہیں۔ ایک طرف اس کو مسمار کرتے ہو ، ایک طرف اس کو ڈھاتے ہو، اور دوسری طرف ہم سے یہ مذاق کرتے ہو ۔ یہ مسلمانوں کے ساتھ مذاق ہے انشاء اللہ اقوام عالم کے مسلمان ، وہاں کے لئے والے مسلمان اس قابل ہیں کہ انشاء اللہ خود اس کو بنا لیں گے ۔ اس میں ہندوستان کی امداد کی ضرورت نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں نہ ہی اس معاملے میں کسی کو کوئی امداد لینی چاہیئے ۔ نہ

کشمیری قوم اس امداد کی خواہاں ہے ۔ جناب مجھے اس بات کا احساس ہے کہ وقت بہت کم ہے میں تجاویز پیش کرنا چاہتا ہوں اور سب سے پہلے یہ عرض کروں گا کہ حکومت کا لائحہ عمل یہ ہونا چاہیئے کہ یہ قراردادوں سے معاملہ تو حل نہیں ہوگا ' باتوں سے معاملہ حل نہیں ہوگا ۔ یہ داخلی اتحاد اور مکمل یکجہتی سے ممکن ہے ۔ اگر آپ کشمیر کے ساتھ یکجہتی پیدا کرنا چاہتے ہیں تو یہاں پوری قوم اس مسئلہ پر یکجہت ہے۔ ساری قوم کو ساتھ لیکر چلیئے اور جو پالیسی بھی بنائیے ساری قوم کو اعتماد میں لیجئے۔اعتماد میں لینے کے بعد یہ پالیسی بنائیے۔ اقوام متحدہ اور سکیورٹی کونسل کو اس معاملہ میں اس خطہ زمین پہ اور اس کرہ ارض پر---

جناب چیئرمین- ذرا وائنڈ اپ کر لیجئے!

چوہدری محمد انور بھنڈر- جناب صرف دو منٹ میں' اس لیے اقوام متحدہ کی Security Coucil کو از خود اس میں initiate کرنا چاہیئے اور اس جنگ سے بچانے کے لئے اور ان خطرات سے بچانے کے لئے اور امن قائم کرنے کے لئے اقوام متحدہ اور اس سکیورٹی کونسل کو آگے آنا چاہیئے اور قدم اٹھانا چاہیئے ۔OIC کو چاہیئے فوری طور پر حرکت میں آئے اور متحرک ہو اور اس میں OIC بہت اہم کردارہ ادا کر سکتی ہے۔ ان کی رابطہ کونسل کا اجلاس تو آیا ہے۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا اور مطالبہ کروں گا کہ حکومت یہ کوشش کرے کہ OIC کی طرف سے اس مسئلے کو نہایت seriously اورسنجیدگی سے لیا جائے اور اس کے علاوہ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلایا جائے کیونکہ اس میں زیادہ وزن ہوگا اور پھر نقصان پورا کرنے کے لئے تمام مسلم قوم اور پاکستان ان کی بھرپور اور پورے طریقے سے امداد کرے تاکہ وہ جن کے گھر مسمار ہو چکے ہیں کم از کم ان کو رہنے کے لئے گھر میسر آسکیں ۔ اور ان گزارشات کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ Red Cross کے ذریعے یا کسی اور تنظیم کے ذریعے یا Human Rights تنظیم کے ذریعے امداد کا بندوبست کیا جائے۔ اور جو بےگھر ہوگئے ہیں ان کے لئے گھر اور رہائش میسر ہو سکے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس معاملے میں جتنی بھی کوشش کی جائے اور جتنے بھی اقدامات کئے جائیں وہ کم ہیں۔ اور انشاء اللہ کشمیر بنے گا پاکستان ' اور کشمیر کو حق خود ارادیت ملے گا ' اور کشمیر کے عوام ایک دن یہ فیصلہ کریں گے کہ وہ پاکستان کے ساتھ ہیں ۔ شکریہ!

جناب چیئرمین- شکریہ ۔ جناب مسعود کوثر صاحب ۔

سید مسعود کوثر ۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے آج اس انتہائی اہم موضوع پر بولنے کی اجازت دی ہے ۔ یہ بات اس لحاظ سے بھی انتہائی خوش آئند ہے کہ آج جس مسئلے پر اس ایوان میں قرارداد پیش کی گئی ہے وہ ایک مشترکہ قرار داد ہے ۔ اور اس میں حکومت اور حزب اختلاف ، دونوں طرف کے معزز اراکین نے ایک مشترکہ قرار داد پیش کرکے حقیقی معنوں میں قوم کے جذبات کی ترجمانی کی ہے ۔ اور یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ جہاں تک قومی معاملات کا تعلق ہے پوری قوم اور اس معزز ایوان کے اراکین ہمیشہ یکجہتی کا ، اتفاق کا ، مظاہرہ کریں گے ۔ آج کی اس قرار داد سے ہندوستان کو شاید اس بات کا احساس ہوگیا ہوگا کہ جہاں تک اس قسم کے معاملات کا تعلق ہے ۔ پاکستان کے تمام لوگ چاہے ان کا کسی بھی صوبے سے تعلق ہو ، ان کا کسی سیاسی پارٹی سے تعلق ہو ، اور ان کے دیگر معاملات پر اگر اختلافات بھی ہوں لیکن اس معاملے میں ایک ہیں ۔ اور جس سے یقیناً کشمیر کے ان مجاہدین کو ، کشمیر کے ان عوام کو ---- جناب چیئرمین! کشمیر کا یہ موجودہ واقعہ اگرچہ انتہائی قابل مذمت اور مسلمانوں کے لئے دلآزاری کا باعث بنا ہے ۔ لیکن یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں ہے پچاس سال سے زائد عرصہ سے کشمیر کے عوام اپنے حق خود ارادیت کے لئے مسلسل جدوجہد کررہے ہیں ، مسلسل قربانیاں دے رہے ہیں ۔ وہاں کے نوجوانوں نے ، وہاں کے بچوں نے ، وہاں کی ماؤں نے ، وہاں کی بہنوں نے ، سب نے آزادی کے لئے بے بہا قربانیاں ، انتہائی قابل قدر قربانیاں دی ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب بھی کشمیر کے لوگوں کے آزادی حاصل کرنے کے امکانات زیادہ روشن ہوتے ہیں تو ہندوستان کی طرف سے اسی انداز سے زیادہ ظلم و تشدد کیا جاتا ہے ۔ اور مجھے بعض دوستوں کے جذبات سے اتفاق ہے لیکن ایک بات میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ کشمیر کے لوگوں نے اپنی آزادی کو ایک خاص منزل تک پہنچایا تو ہندوستان نے اس مسئلے کو confuse کرنے کے لئے ، پہلی بار نہیں ، دوسری بار نہیں ، تین بار پاکستان پر حملہ کیا ہے اور ہندوستان کی یہ خواہش ہو گی کہ پاکستان مشتعل ہو ۔ لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ پاکستان کو اشتعال میں آنے کی بجائے وہی صورت اختیار کرنی چاہیے جو کہ موجودہ حکومت کر رہی ہے ۔

آج کل جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں ہوتا ۔ آج آپ نے بین الاقوامی ضمیر کو جھنجھوڑنا

ہے ۔ موجودہ حکومت نے اس مسئلے کو جو کہ سرد خانے میں رکھا گیا تھا اس کو دنیا کے ہر پلیٹ فارم پر ہر ملک میں ہر جگہ پر ہر موقع پر اٹھایا ہے ۔ اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہی ایک موجودہ حکومت کی کامیابی ہے یہ پاکستان کے عوام کی کامیابی ہے یہ کشمیر کے عوام کی کامیابی ہے کہ آج کشمیر کا مسئلہ ہندوستان ہار رہا ہے اور اس نے یہ ظلم اور بربریت شروع کر کے کشمیر کے عوام کے حوصلوں کو پست کرنے کی کوشش کی ہے ۔ میں یہی عرض کروں گا کہ موجودہ حکومت اور حزب اختلاف اس معاملے میں ایک آواز ہو کر دنیا بھر کے اداروں سے رابطےکریں۔ جناب والا ! آپ خود جس ملک میں بھی تشریف لے گئے ہیں جس جگہ کابھی آپ نے دورہ کیا ہے جو بھی موقعہ تھا آپ نے کشمیر کے عوام کے حقوق کے لئے آواز اٹھائی ہے ۔ اگر یہاں کوئی Delegation آیا ہے تو آپ نے کشمیر کے عوام کے لئے آواز اٹھائی ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہم یہی مشترکہ جدوجہد کرتے رہے تو انشااللہ وہ دن دور نہیں جب کشمیریوں کو اس پچاس سالہ قربانی کا ثمر ملے گا کیونکہ جیسے آپ سب کو معلوم ہے کہ تاریخ نے ہمیشہ یہ ثابت کیا ہے کہ کوئی کتنی بڑی قوم کیوں نہ ہو، کتنی بڑی فوج اس کے پاس کیوں نہ ہو، کتنی بڑی قوت کیوں نہ ہو ظلم آخر اپنی انتہا کو پہنچ کر مظلوم کے سامنے گھٹنے ٹیکتا ہے اور انشااللہ ہمارا یہ ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ کشمیری عوام کے ساتھ ہے پاکستان کے عوام کی ، بہنوں کی، بھائیوں کی سب کی دعائیں کشمیری حریت پسندوں کے ساتھ ہیں اور انشااللہ وہ دن دور نہیں ہوگا جب کہ کشمیری اپنی جدوجہد میں کامیاب ہوں گے بہت بہت مہربانی۔ جناب چیئرمین۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ بہت شکریہ۔ جناب اشتیاق اظہر صاحب۔

سید اشتیاق اظہر ، شکریہ جناب چیئرمین! چرار شریف کے سانحہ کے حوالے سے جو مشترکہ قرارداد زیر بحث ہے مجھے اور میری پارٹی کو اس سے اتفاق ہے ۔ ہم نہ صرف یہ کہ کشمیر میں چرار شریف کے واقعہ کی پرزور مذمت کرتے ہیں بلکہ یہ اعلان بھی کرنا چاہتے ہیں کہ کشمیر کے بارے میں پاکستان کے تمام عوام کی ایک رائے اور ایک آواز ہے ۔ اور یہی وجہ ہے کہ جب کشمیر ڈیکلریشن کے بارے میں نوابزادہ نصراللہ خان صاحب کی جماعت کے کچھ لوگ میرے پاس آئے تھے میں نے اس ڈیکلریشن پر ایم کیو ایم کی طرف سے دستخط کر دیئے تھے ۔ اور یہی رائے اور یہی خیالات ہمارے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بھی ہیں ۔ لیکن جب ہم تمام اطراف کا جائزہ لیتے ہیں تو دو باتیں اُبھر کر سامنے آتی ہیں ۔ ایک تو یہ کہ چرار شریف کا محاصرہ قریب قریب دو ماہ جاری رہا ۔ اس عرصے میں ہماری فیڈرل حکومت کی سربراہ کی جانب سے کوئی مذمتی

بیان جاری نہیں ہوا۔ دوسری بات یہ کہ اسی دو ماہ کے عرصے میں سارک کی سربراہ کانفرنس دہلی میں ہوئی جس میں ہمارے صدر مملکت تشریف لے گئے ۔ کیا ان دونوں باتوں سے نرسمہا راؤ کی حکومت کو استحکام حاصل ہوا یا نہیں یہ ایک ایسا سوال ہے کہ جس پر آج بھی گفتگو ہوسکتی ہے اور کل بھی گفتگو ہو گی۔ ہم سب چرار شریف کے سانحہ کے حوالے سے متفق ہیں ۔ اور میں تو یہاں بھی جانتا ہوں کہ کشمیر کا مسئلہ سب سے پہلے خود ہندوستان کے پہلے وزیراعظم پنڈت جواہرلعل نہرو United Nations Organization میں لے گئے اور خود انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا تھا اور اعلان کیا تھا کہ کشمیر کے بارے میں ریفرنڈم ہوگا اور اس وعدے کے مطابق اقوام متحدہ کی جانب سے متعدد بین الاقوامی شخصیات آئیں اور کشمیر گئیں جن میں Sir Aun Dickson Admiral Nemits بھی شامل ہیں۔ یہ مسئلہ تقریباً" پچاس سال سے پوری دنیا کی توجہ کا مرکز رہاتھا اور ہے اور جب بھی اس بارے میں اقوام متحدہ کی قراردادوں کی بات کی جاتی ہے تو اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس بارے میں ہمارے ہاں کامل یک جہتی ہے ۔ مگر جیسا کہ ابھی ہمارے کچھ دوستوں نے کہا کہ یہ مسئلہ ایسا ہے کہ اس پر مکمل عملی یکجہتی کا مظاہرہ بھی ہونا چاہیئے ۔ اور جیسا کہ سینیٹر سمیع الحق اور عبدالستار خان نیازی صاحب نے کہا تھا کہ صرف باتوں سے کام نہیں چلے گا ، قراردادوں سے کام نہیں چلے گا بلکہ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اس پر پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس ہونا چاہیئے اور اس میں اس مسئلے پر کھل کر گفتگو ہونی چاہیئے ۔ اور پھر اس کے ساتھ ساتھ جو داخلی کشمکش ہے اس کو ختم کرنے کی طرف توجہ دینی چاہیئے ۔ ہر مسئلے کو سیاسی طور پر لینے سے کبھی مسئلہ حل نہیں ہوتا میرے خیال میں یہ مسئلہ ایسا ہے کہ واقعتاً جیسا کہ سینیٹ نے آج اس کا مظاہرہ کیا ہے کہ ایک مشترکہ قرارداد منظور ہو رہی ہے ۔ اسی یکجہتی کا مظاہرہ حکمران جماعت کی طرف سے بھی ہونا چاہیئے اور ملک میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کی طرف سے بھی ہونا چاہیئے اور اس کے لئے ظاہر ہے کہ ماحول کو سازگار بنانا پڑے گا ، صرف قراردادوں سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا قراردادیں تو صرف جذبات کی ترجمانی کرتی ہیں ۔ عوام کو سڑکوں پر لانے کے لئے عوام میں یکجہتی پیدا کرنے کے لئے تمام نقطہ ہائے نگاہ کے لوگوں کو ہم آہنگ بناناپڑے گا اور اس کے لئے پوری کوشش کی ضرورت ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ قرارداد صحیح سمت میں صحیح قدم ہے اگر ہم چاہتے ہیں اور حکومت چاہتی ہے تو اس سلسلے میں رائے عامہ کو منظم کرنے کے لئے وہ تمام باتیں کرنا ہوں گی جن کی جانب ہمارے بہت سے دوستوں نے توجہ دلائی صرف نشتند ، گفتند ، برخاستند سے نہ پہلے کوئی مسئلہ حل ہوا تھا اور نہ

آئندہ حل ہو گا کشمیر کے مسئلے پر تو 50 سال سے بحث ہو رہی ہے اور اب جو کچھ چرار شریف میں ہوا اور کشمیر کے عوام جس طرح ذاتی طور پر involve ہوئے ہیں کہ وہاں پر کرفیو کی پرواہ بھی نہیں کی جا رہی ہے وہاں کشت و خون ہونے کے بعد بھی لوگ راضی نہیں ہیں اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اسی قسم کے جذبات کا مظاہرہ پاکستان کے عوام اور عالم اسلام کے عوام کو بھی کرنا چاہیئے ۔ اور اس کے لئے ماحول کو سازگار بنانا ضروری ہے ۔ کیا ہی اچھا ہو کہ ہم اس صورت پر بھی توجہ دیں اور ہم سب مل کر قدم بہ قدم آگے بڑھیں اور ایک متفقہ مسئلہ کے حل کے لئے متفقہ کوششوں کی عملی شکل پوری دنیا کو دکھائیں ۔ صرف قراردادوں کی منظوری سے نہ پہلے کبھی کوئی مسئلہ حل ہوا ہے اور نہ آئندہ حل ہو گا ۔ بہت بہت شکریہ ۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ، جناب جے سالک صاحب ۔

جناب جے سالک ۔ جناب چیئرمین! حزب اقتدار اور حزب اختلاف کی طرف سے جو مشترکہ قرارداد پیش ہوئی ہے ، میں سمجھتا ہوں کہ یہ صرف عالم اسلام کا مسئلہ نہیں ہے کیونکہ اگر ہم صرف عالم اسلام کے مسئلے کی طرف توجہ دلائیں تو یہ مسئلہ محدود ہو جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ عالم انسانیت کا مسئلہ ہے ۔ آج اگر اسلام کے نام پر یہ کہا جائے کہ ظلم ہو رہا ہے تو مسئلہ کمزور ہوتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج پوری دنیا پر ظلم ہوا ہے کیونکہ مظلوم پر ظلم ہوا ہے ۔ کشمیری بھائی ہمارے مظلوم بھائی ہیں اور بابری مسجد کے واقعہ کے بعد پھر چرار شریف پر ظلم کے بعد پوری عالم انسانیت کو اٹھ کھڑا ہونا چاہیئے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ ہمیں پاپائے اعظم Bishop of Contorbery Pop John Pol اور دنیا بھر کے انسانی حقوق کے جتنے بھی لیڈر ہیں ان سب کو ہمیں بیدار کرنا ہو گا۔

جہاں تک بوسنیا اور چیچنیا کی بات ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہم پوری دنیا میں اس فلسفے کو اجاگر نہیں کر سکے ہم human rights کے اداروں کے ضمیر کو بیدار نہیں کر سکے۔ میری رائے اس سلسلے میں یہ ہے کہ ہم جہاں پر ہندو کا نام لیں، جہاں پر ہم بنیے کا نام لیں، وہاں پر انتہا پسند ہندو یا ظالم ہندو کا نام لینا بھی ضروری ہے اس لئے کہ بے شمار قومیں ہمارے اس cause کی حمایت کرتی ہیں ۔ بیشمار مذاہب کشمیریوں پر ہونے والے ظلم کے خلاف ہیں۔ بے شمار human rights کے ادارے کشمیر cause کے ساتھ ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بابری مسجد کا جو مسئلہ ہے وہ صرف پاکستان کا مسئلہ نہیں ، پورے عالم اسلام کا نہیں بلکہ عالم انسانی کا مسئلہ ہے۔ میری ایک تجویز جو میری ذات تک ہے اور حکومت لیول پر نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ

دنیا بھر کے اقلیتی نمائندوں کی ، دنیا بھر کے ہندو نمائندوں سے لیکن ہندوستان کے علاوہ پاکستان میں ایک کانفرنس کرنی چاہیئے کیونکہ کینیڈا میں ، امریکہ میں ، آسٹریلیا میں ، نیوزی لینڈ میں جہاں بھی human rights کے ادارے ہیں ان کو call کر کے ہندوستان کے ہندووں کی مذمت کروانی چاہیئے جنھوں نے ظلم کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ بابری مسجد کے بعد ہماری خاموشی نے انہیں موقع دے دیا کہ ان انتہا پسندوں اور ظالموں نے اتنا بڑا جرم کیا ہے ۔ ہمیں ان کا سوشل بائیکاٹ کرنا چاہیئے اور ہندوستان میں اقلیتی مسلمانوں کو بھی وہاں پر اٹھ کھڑا ہونا چاہیئے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہاں کے جو christians ہیں یعنی جو اپنے آپ کو christians کہلاتے ہیں وہ christians کہلانے کے قابل ہی نہیں کہ جو ظلم دیکھ رہے ہیں ۔ جیسے ہمارے ایک مہربان نے کہا تھا کہ ریڈکراس کی طرف سے ان مظلوموں کی مدد ہونی چاہیئے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ خانہ کعبہ کے امام اور پاپائے اعظم اور بشپ کنٹربری کی طرف سے اور یو این او چاروں کی طرف سے مشترکہ طور پر ان کا ازالہ کیا جائے ۔ بہت شکریہ۔

جسٹس (ریٹائرڈ) ڈاکٹر جاوید اقبال۔ جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ اس سانحہ کی جتنی بھی مذمت کی جا سکتی ہے وہ ہم یہاں پر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آپ نے دیکھا ہو گا کہ حضرت بل کا جب محاصرہ کیا گیا تو ہندوستانی افواج نے اس پر آگ نہیں برسائی تھی اور اسے جلایا نہیں تھا۔ تو یقینی یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ چرار شریف کے سلسلے میں یہ قدم کیوں اٹھایا گیا ۔ چرار شریف کی کشمیریوں کے نزدیک جو وقعت ہے اس کے متعلق شاید ہمارے بہت سے دوستوں کو علم نہ ہو ۔ یہ درگاہ بالکل اس طرح ہے جیسے لاہور میں حضرت داتا گنج بخش کی درگاہ ہے۔ اس اعتبار سے دیکھا جائے تو ہندووں نے یا ہندو افواج نے کشمیری مسلمانوں کے دل کے نازک ترین حصے پر حملہ کیا ہے میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ pattern کیا ہے یہ pattern ہندوستانی افواج کا بالکل وہی ہے جو انہوں نے امرتسر میں سکھوں کے خلاف کارروائی میں گولڈن ٹیمپل کے سلسلے میں کیا تھا اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں یہ جان لینا چاہیئے کہ یہ ایک اعتبار سے چرار شریف کے دربار کو آگ لگائی گئی ہے یہ ایک آخری قدم نہیں ہے اس کے بعد بھی کچھ ہونے والا ہے ۔ ہندوستان جو اس کے بعد کرنے والا ہے اس کے متعلق ہمیں یقینی طور پر تشویش ہونی چاہیئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہندوستان نے یہ قدم اس لئے اٹھایا ہے کہ اس کے بعد اگلا step ان کا جو لاء ہے hot pursuit کا اس کو adopt کیا جائے اور وہ پاکستان کے حصوں پر یا کم از کم آزاد کشمیر کے حصوں پر کنٹرول لائن کو توڑ کر ، کنٹرول

لائن کو تبدیل کرنے کی کوشش کریں گے۔ تو اس وجہ سے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضروری ہے کہ ہماری ملکی، قومی یکجہتی کو برقرار رکھا جائے۔

